| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانچ حِسّوں کے نام بتا سکیں۔
- ان اعضا کی نشان دہی کر سکیں جو دیکھنے، سُننے، سونگھنے، چکھنے اور چھونے میں مدد کرتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے جسم کے مختلف حصّوں کے افعال کے بارے میں پوچھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کیا آپ حسّوں کے نام جانتے ہیں؟ اور ان کے نام بتا سکتے ہیں؟ طلبہ کو حِس کا مطلب سمجھائیں۔ حِس کا مطلب کسی چیز کو محسوس کرنے کی قوّت ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 7 کھولنے کی ہدایت دیں۔ اس صفحے پر موجود متن کو پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر پانچ حِسّوں کے نام لکھیں اور طلبہ کو پڑھائیں۔
  - دیکھنا ♦ سُننا ♦ چھونا ♦ چکھنا ♦ سُونگھنا
- طلبہ کو ان حِسّوں کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے اس خوبصورت دنیا کے بارے میں جاننے کے لیے ہمیں یہ پانچ حِسّیں دی ہیں۔
  ان حِسّوں کو ہم اپنے جسم کے اعضا سے محسوس کرتے ہیں۔ جنھیں حِسّی اعضا کہتے ہیں۔
- طلبہ کو حِسّی اعضا کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔
- انھیں بتائیں ہم:

- اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔
- اپنے کانوں سے مختلف آوازیں سنتے ہیں۔
- چیزوں کو سونگھنے کے لیے ناک کا استعمال کرتے ہیں۔
- زبان سے چکھتے ہیں۔
- ہاتھوں سے چُھوتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مختلف | مُخ۔تَ۔لِف | علیحدہ۔ قسم قسم کے |
| حِس | حِس | کسی چیز کو محسوس کرنے کی قوّت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سرگرمی (ا) کا سوال (ب) طلبہ سے پوچھیں۔ صحیح جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کتاب پر دی گئی سرگرمی نمبر 3 کو حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

نام: ____________


مضمون: واقفیتِ عامہ

سبق: میرا جسم

کسی ایک ایسی چیز کی تصویر بنائیں جو آپ:

سُنتے ہیں 

دیکھتے ہیں 

چُھوتے ہیں 

چکھتے ہیں 

سُونگھتے ہیں 

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بد بو) (چکھنا: میٹھا، کھٹّا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پانچ حِسّوں کے نام پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم دیکھنے کی حِس کے بارے میں پڑھیں گے۔ انھیں بتائیں آنکھوں کی مدد سے ہم اپنے اِرد گرد کے ماحول کو دیکھتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر 7 پر سطر ''ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں'' پڑھوائیں اور اس کے نیچے دی گئی تین تصاویر دکھائیں اور وضاحت کریں۔
- طلبہ کو حِسّی عضو ''آنکھ'' کا تصویری فلیش کارڈ بھی دکھائیں۔
- انھیں بتائیں آنکھوں کی مدد سے ہم چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ ہمیں ان کے رنگ کا علم ہوتا ہے اور شکل وصورت کا پتا چلتا ہے۔
- طلبہ کو مختلف رنگوں کے کارڈز دکھائیں اور ان کا رنگ پوچھیں۔
- ان کو کمرا جماعت میں موجود مختلف چیزیں دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ ان کی شکل کیسی ہے؟ جیسے دیوار پر لگی گھڑی گول ہے، تختہ تحریر مستطیل اور کھڑکی مربع شکل کی ہے ساتھ ہی طلبہ کو بتائیں ابھی ان تمام چیزوں کو دیکھنے کے لیے ہم نے اپنی آنکھوں کا استعمال کیا۔

- انھیں بتائیں دیکھنے سے ہی ہمیں پتہ چلتا ہے کہ کوئی چیز روشن ہے یا تاریک اور روشنی تیز ہے یا مدھم۔
- طلبہ کو سبق کو سمجھنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تیز | تیزُ | شدید |
| مدھم | مد۔دھم | ہلکا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ کو مختلف چیزیں جیسے گیند، کتاب، کاپی وغیرہ دکھائیں اور ان سے ان کی شکل و جسامت کے بارے میں پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو رنگ دار پنسلیں دکھائیں اور ان کے رنگوں کے بارے میں پوچھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا جسم |
|---|---|---|


سوال 1: ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ دی گئی چیزوں پر دائرہ لگائیں جنھیں آپ دیکھ سکتے ہیں پر چھو نہیں سکتے۔








سوال 2: ان چیزوں میں رنگ بھریں جنھیں آپ دیکھ سکتے ہیں۔







| | | | |
|---|---|---|---|
| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | پہلی سہ ماہی |
| وقت: 40منٹ | تاریخ:_______ | ہفتہ: 3 تیسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

## سبق کا نام: میرا جسم

### حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم ،زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بدبو) (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہم اپنے اِرد گِرد مختلف آوازیں سنتے ہیں۔ یہ آوازیں ہمیں اپنے کانوں کی مدد سے سنائی دیتی ہیں۔

### طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کان ہمیں مختلف آوازوں کی پہچان کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ جیسے کچھ آوازیں اونچی ہوتی ہیں اور کچھ دھیمی۔ کچھ آوازیں خوشگوار ہوتی ہیں یعنی ہمارے کانوں کو بھلی لگتی ہیں اور کچھ ناخوشگوار۔
- طلبہ کو پرندوں، گاڑیوں اور جہاز وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں۔ انھیں سمجھائیں کہ گاڑیوں کے ہارن اور جہاز کی آواز اونچی ہوتی ہے۔ جبکہ پرندوں کا چہچہانا اور سرگوشی کرنا دھیمی آوازوں میں آتا ہے۔
- طلبہ سے کہیں اپنے اِرد گِرد آوازیں سنیں۔ ان سے پوچھیں انھوں نے کونسی آوازیں سنیں۔ اور ان آوازوں کو سننے کے لیے کس حِس کا استعمال کیا۔
- طلبہ کے جوابات توجّہ سے سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

### شکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سننا | سُن۔ نا | کانوں سے آواز معلوم کرنا |
| ہارن | ہا۔رن | ایک قسم کا باجا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں سننے کی حِس سے ہمیں کیا پتہ چلتا ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے جہاز کی تصویر اپنی کاپی پر بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا جسم |

دی گئی تصاویر کے خانوں میں اونچی اور دھیمی آوازیں لکھیں۔



